فعل نہی

فعل نہی وہ فعل ہے جس میں کسی کام سے روکا جائے یا نہ کرنے کی التجا کی جائے، جیسے: لاَ تَلْعَبْ (تو مت کھیل)

فعل نہی کی گردان

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	لاَ تَنْصُرْ	لاَ تَنْصُرَا	لاَ تَنْصُرُوْا
مؤنث	لاَ تَنْصُرِیْ	لاَ تَنْصُرَا	لاَ تَنْصُرْنَ

قواعد

فعل نہی فعل مضارع سے بنتا ہے۔ شروع میں ''لا'' لگادیں اور آخر میں وہی کریں جو فعل امر میں کیا تھا۔ یعنی اگر ضمہ ہے تو اس کو سکون سے بدل دیں اور اگر نون ہے تو اسے گرادیں۔ سوائے جمع مؤنث کے نون کے کہ وہ اسی طرح رہے گا، جیسے: تَنْصُرُ سے لاَ تَنْصُرْ ، تَنْصُرَانِ سے لاَ تَنْصُرَا

چند مثالیں: لاَ تُشْرِكُوْا . لاَ تُسْرِفُوْا. لاَ تَجَسَّسُوْا . لاَ تَقْرَبُوْا . لاَ تَعْبُدُوْا . لاَ تَاْكُلُوْا.

نوٹ:

یہ فعل حقیقت میں فعلِ مضارع ہی کی ایک قسم ہے لیکن اس کا ذکر الگ سے اس لئے کیا جارہا ہے کہ جو عام طور پر سمجھا جاتا ہے کہ فعل کی ایک قسم فعل نہی بھی ہے وہ سمجھ میں آجائے اور اصل میں یہ بات بھی ذہن میں رکھنا ضروری ہے کہ یہ فعل مضارع ہے جس پر حرف جازم داخل ہے۔